لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ ربیع الاول ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۵ دسمبر ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

حسب استدعا صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار بابو راج کشور سب ڈویژنل افسر حلقہ چنوکی کی تنخواہ موجودہ ساٹھ روپیہ ماہوار میں بیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔ آیندہ نامبردہ کو اسی روپیہ ماہوار تنخواہ اور بیس روپیہ ماہوار الاونس دورہ ملا کر ملیگا۔

رخصت

۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ رخصت یکماہ صاحب انجینئر کی ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۰ء تک بوجہ علالت متعلقین منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار محمود الظفر منصرم گھاٹ کی تنخواہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔ دس روپیہ بابتہ اس سے علاوہ ہے۔ آیندہ نامبردہ کو تیس روپیہ تنخواہ اور دس روپیہ بابتہ جملہ چالیس روپیہ ماہوار ملینگے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

نظر مناسب

حکم ہوا کہ

سید عبد الحکیم شاہرہ چالیس روپیہ ماہوار صیغہ باغات مین مقرر کئے جائین اور صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر انسے صیغہ باغات مین کام لین۔ یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے عملدرآمد تنخواہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

خلاصہ احکام اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ رخصت مزید تین ماہ شمس الزمان احمد سنئیر آڈٹ تنخواہ دار تیس روپیہ ماہوار از دفتر فوجی بوضع تنخواہ یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے بانتظام مفصلہ تحت منظور ہوئی۔

۱۔ احسان باقی نایب ناظر آڈٹ رخصتی کا کام کرینگے۔ تین روپیہ الاونس تنخواہ رخصتی سے ملیگا۔

۲۔ بجائے احسان باقی نایب ناظر عبد الرحمن خان جمعدار آڈٹ کام کریگا۔ دو روپیہ ماہوار الاونس پایگا۔

۳۔ عبد الرحمن خان جمعدار کا کام حافظ بشیر احمد چپڑاسی انجام دیگا۔

۴۔ اٹھارہ روپیہ ماہوار بچت رہیگی۔

اضافہ جات

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بملاحظہ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ اہلکاران آڈٹ مندرجہ ذیل کی تنخواہوں مین حسب ذیل یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے اضافہ منظور کیا گیا۔

شوکت علیخان نایب پیشکار آڈٹ مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار ۔	عبد العلیخان اہلمد پیشی آڈٹ مشاہرہ دار ۱۶ ماہوار ۲۰	نجف ہر نائب ناظر آڈٹ مشاہرہ دار ۱۶ ماہوار ۲۰
غلام ربانی اہلمد آمد مشاہرہ دار ۱۶ ماہوار ۲۰		